Prepp
Your Personal Exams Guide

2006
URDU LITERATURE
Paper-II

Time allowed : Three Hours] *[Maximum Marks : 200*

نوٹ : صرف پانچ سوال کیجیے۔ پہلا اور پانچواں سوال لازمی ہے۔ باقی تین میں سے کم از کم ایک سوال ہر حصے سے ہونا چاہئے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔ یہ پرچہ دو حصوں اور آٹھ سوالوں پر مشتمل ہے۔

PART - A

.1 درج ذیل اقتباسات میں سے دو کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے کے ساتھ کیجیے :

(الف)

''اے یاراں ! میری پیدائش اور وطن بزرگوں کا مُلکِ یمن ہے۔ والد اس عاجز کا ملِکُ التجّار خواجہ احمد نام بڑا سوداگر تھا۔ اس وقت میں کوئی مہاجن یا بیپاری اُن کے برابر نہ تھا۔ اکثر شہروں میں کوٹھیاں اور گماشتے خرید و فروخت کے واسطے مقرر تھے اور لاکھوں روپے نقد اور جنس مُلک مُلک کی گھر میں موجود تھی۔ اُن کے یہاں دو لڑکے پیدا ہوئے۔ ایک تو یہی فقیر جو کفنی سیلی پہنے ہوئے مرشدوں کی حضوری میں حاضر اور بولتا ہے۔ دوسری ایک بہن جس کو قبلہ گاہ نے اپنے جیتے جی اور شہر کے سوداگر بچے سے شادی کر دی تھی وہ اپنی سُسرال میں رہتی تھی۔''

(ب)

''میں نے وہ اندازِ تحریر ایجاد کیا ہے کہ مراسلے کو مکالمہ بنا دیا ہے۔ ہزار کوس سے بہ زبانِ قلم باتیں کیا کرو۔ ہجر میں وصال کے مزے لیا کرو۔ کیا تم نے مجھ سے بات نہ کرنے کی قسم کھائی ہے ؟ اتنا تو کہو کہ یہ کیا بات تمہارے جی میں آئی ہے ؟ برسوں ہو گئے کہ تمہارا خط نہیں آیا۔ نہ اپنی خیر و عافیت لکھی نہ کتابوں کا بیورا بھجوایا۔''

(ج)

''گذشتہ سال جب اگست میں یہاں آئے تھے تو چڑیوں کی آشیاں سازیوں نے بہت پریشان کر دیا تھا۔ کمرے کے مشرقی گوشے میں مُنہ دھونے کی ٹیبل لگی ہے۔ ٹھیک اسی کے اوپر، نہیں معلوم کب سے ایک پرانا گھونسلہ تعمیر پا چکا تھا۔ دن بھر میدان سے تنکے چُن چُن کر لاتیں اور گھونسلے میں بچھانا چاہتیں، وہ ٹیبل پر گر کے اُسے کوڑے کرکٹ سے اَٹا دیتے۔ ادھر پانی کا جگ بھروا کے رکھا اُدھر تنکوں کی بارش شروع ہو گئی۔''

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

2. خطوطِ غالب کی روشنی میں، غالب کے اندازِ تحریر سے بحث کیجیے۔

3. ''مقدمۂ شعر و شاعری'' کے حوالے سے حالی کی تنقیدی ترجیحات کا جائزہ لیجیے۔

4. مندرجہ ذیل میں سے دو پر مختصر نوٹ لکھیے :

(الف) پریم چند

(ب) ابوالکلام آزاد

(ج) قرۃالعین حیدر

PART - B

5. درج ذیل میں سے دو کی تنقیدی تشریح کیجیے :

(الف)

اُٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستاں سے عمل
تیغ اُردی نے کیا مُلکِ خزاں مُستاصل
سجدۂ شکر میں ہے شاخِ ثمردار ہر ایک
دیکھ کر باغِ جہاں میں کرمِ عزّوجل
قوّتِ نامیہ لیتی ہے نباتات کا عرض
ڈال سے پات تلک پات سے لے تا پھل
واسطے خلعتِ نوروز کے ہر باغ کے بیچ
آب جو قطع لگی کرنے روش پر مخمل
بخشتی ہے گُلِ نورستہ کی رنگ آمیزی
پوششِ چھینٹ قلم کار ہر دشت و جبل

www.prepp.in

(ب)

تھا مستعار حسن سے اس کے جو نور تھا
خورشید میں بھی اس ہی کا ذرّہ ظہور تھا

اُلٹی ہو گئیں سب تدبیریں کچھ نہ دوا نے کام کیا
دیکھا اِس بیماریٔ دل نے آخر کام تمام کیا

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اُس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا

مُنہ تکا ہی کرے ہے جِس تِس کا
حیرتی ہے یہ آئینہ کِس کا

کہا میں نے کتنا ہے گُل کا ثبات
کلی نے یہ سُن کر تبسّم کیا

(ج)

اُٹھو مری دنیا کے غریبوں کو جگا دو
کاخِ اُمرا کے درودیوار ہلا دو

گرماؤ غلاموں کا لہو سوزِ یقیں سے
کُنجشکِ فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو

سُلطانیِ جمہور کا آتا ہے زمانہ
جو نقشِ کُہن تم کو نظر آئے مٹا دو

جس کھیت سے دہقاں کو میسّر نہ ہو روزی
اُس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

6. غالب کی غزل گوئی کی انفرادیت بیان کیجیے۔

www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

7. فراق کی شاعری میں ہندوستانی روایات کا جائزہ لیجیے۔

8. دو پر مختصر نوٹ لکھیے :

(الف) اقبال

(ب) جوش

(ج) فیض

Prepp
Your Personal Exam Guide